فلوراليا

حصہ ہشتم

امریکی انگریزی



باڈر

ضروری ہدایت: کونے میں بنے دو آدھے بڑے ٹانکوں کی اوپری زنجیر کے پچھلے حصے میں نشان بکسوہے لگائیں

اکیاسیواں چکر

اس چکر میں صرف اوپری زنجیر کے اگلے حصہ میں کام کیا جائے گا ۔ اگر آپ کے ٹانکے سخت اور کھچائو پیدا کر رہے ہیں تو بہتر ہوگا کہ آپ چار اعشاریہ پانچ ایم ایم کا ہک استعمال کریں ۔



ایک زنجیر ٹانکا بنائیں ۔ * تمام کمبل کے گرد اوپری زنجیر کے اگلے حصہ میں گم ٹانکے بنائیں ۔ * نشان بکسوہے لگے رہنے دئیں ۔

ٹانکے شمار کرئیں ۔ فی طرف ۔ اوپری زنجیر کے اگلے حصہ میں بننے دو سو نو گم ٹانکے

بیاسیواں چکر ۔

اس چکر میں خالی چھوڑے گئے اوپری زنجیر کے پچھلے حصے میں کام کیا جائے گا ۔ مضبوطی اور استحکام کے لیے تیسرا پھندے میں سے بھی ہک گزاریں ۔ نشان بکسوہے ہر چکر پہ آگے کرتے جائیں ۔ کام چار ایم ایم کے ہک سے کریں ۔



کسی بھی کونے کے پہلے ٹانکے کی اوپری زنجیر کے پچھلے حصے سے کام شروع کریں *(پہلے نشان بکسوہے والا ٹانکا) اگلے ٹانکے کی اوپری زنجیر کے پچھلے حصے میں سادہ ٹانکا بنائیں ۔ (دوسرا نشان بکسوہے والا ٹانکا) اگلے نشان بکسوہے تک ہر ٹانکے کی اوپری زنجیر کے پچھلے حصے میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔ * چار بار دہرائیں ۔ گم ٹانکے سے جوڑ کر چکر مکمل کر لیں اون کو کاٹ کر سرے کو محفوظ کر لیں

ٹانکے شمار کرئیں ۔ فی طرف ۔ اوپری زنجیر کے پچھلے حصے میں بننے دو سو نو سادہ ٹانکے



تراسیواں چکر

کسی بھی کونے میں پہلے نشان بکسوہے والے ٹانکے سے شروع کریں ۔
*تین بڑے ٹانکوں کا جھنڈ ۔ (پہلے نشان بکسوہے والا ٹانکا) دو زنجیر ٹانکے ۔ تین بڑے ٹانکوں کا جھنڈ ۔ (نشان بکسوہے والا دوسرا ٹانکا) کونہ مکمل ہوا ۔ (دو زنجیر ٹانکے ۔ تین بڑے ٹانکوں کا اکٹھ) انہتر بار دہرائیں ۔ دو زنجیر ٹانکے ۔ * چار بار دہرائیں ۔ گم ٹانکے سے جوڑ کر چکر مکمل کر لیں اون کو کاٹ کر سرے کو محفوظ کر لیں

ٹانکے شمار کرئیں ۔ فی طرف ۔ اونہتر ۔ تین بڑے ٹانکوں کے اکٹھ ۔ تین بڑے ٹانکوں کے دو جھنڈ ۔ دو زنجیر ٹانکے والی ستر جگہ ۔

چوراسیواں چکر

کسی بھی کونے میں بنی دو زنجیر جگہ سے شروع کریں

*(وی ٹانکا ۔ تین زنجیر ٹانکے وی ٹانکا) اگلے کونے تک ہر دو زنجیر جگہ میں وی ٹانکا بنائیں ۔ * چار بار دہرائیں ۔ گم ٹانکے سے جوڑ کر چکر مکمل کر لیں اون کو کاٹ کر سرے کو محفوظ کر لیں



ٹانکے شمار کرئیں ۔ فی طرف ۔ بہتر وی ٹانکے

کمبل کو پلٹ کر کام کرنا ہے

پچاسیواں چکر ۔
کسی بھی کونے میں بنی تین زنجیر جگہ سے شروع کریں
*کونے میں بنائیں ۔ (گولا ٹانکا ۔ سادہ ٹانکا ۔ دو زنجیر ٹانکے ۔ سادہ ٹانکا ۔گولا ٹانکا ۔ سادہ ٹانکا) کونے والی دو زنجیر جگہ میں نشان بکسوہ لگائیں ۔ اگلے کونے تک ہر وی ٹانکے کے درمیان میں بنائیں (گولا ٹانکا ۔ سادہ ٹانکا) * چار بار دہرائیں ۔ گم ٹانکے سے جوڑ کر چکر مکمل کر لیں اون کو کاٹ کر سرے کو محفوظ کر لیں

ٹانکے شمار کرئیں ۔ فی طرف ۔ بہتر گولا ٹانکے

کمبل کو پلٹ کر سیدھا کر لیں

چھیاسیواں چکر ۔

اس چکر میں ہر دو گولا ٹانکوں کے درمیانی جگہ میں کام کیا جائے گا ۔

کسی بھی کونے میں بنی دو زنجیر جگہ سے شروع کریں
*کونے میں آٹھ بڑے ٹانکے بنائیں ۔ (گولا ٹانکا خالی چھوڑ دیں ۔ اگلے جگہ میں سادہ ٹانکا بنائیں ۔ گولا ٹانکا خالی چھوڑ دیں ۔ اگلی جگہ میں آٹھ بڑے ٹانکے بنائیں ۔) چھتیس بار دہرائیں ۔ اگلی جگہ میں سادہ ٹانکا بنائیں ۔ آخری گولا ٹانکا خالی چھوڑ دیں *

ٹانکے شمار کرئیں ۔ فی طرف ۔ کونے میں بنے دو پنکھے ۔ کنارے پہ بننے چھتیس پنکھے

ستاسیواں چکر ۔
کسی بھی کونے میں بنے پنکھے کے پہلے بڑے ٹانکے سے شروع کریں ۔
*چار ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔ دانہ ٹانکا ۔ اگلے چار ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔ اگلے سادہ ٹانکے میں سادہ ٹانکا بنائیں (چکر نمبر چھیاسی کا سادہ ٹانکا) جو کہ دو گولا ٹانکوں کے درمیان بنا ہے ۔ * تمام کمبل کے گرد دہرائیں ۔ گم ٹانکے سے جوڑ کر چکر مکمل کر لیں اون کو کاٹ کر سرے کو محفوظ کر لیں ۔

حصہ ہشتم اختتام پذیر ہوا